17/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنیے۔

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*.......صحت شعبہ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل// طبی نگہداشت کے بنیادی ڈھانچے کو جدت بخشنے کےلئے بڑے پیمانے پر سرمایہ کا ری جا ری// ایل جی منوج سنہا۔

*........ سی آر پی ایف کا86واں یوم تاسیس آج// وزیر داخلہ امت شاہ نے سی آر پی ایف کے رول کی ستائش کی۔

*........ ملک دفاعی سیکٹر میں تیزی سے خود انحصاری کی راہ پر گامزن// دفاعی بر آمدات میں لگا تار ہو رہا ہے اضافہ// وزیر دفاع۔

اور

کرکٹ لیگ کا اہتمام// 15جون سے ہو رہی EVCL*........ جموںو کشمیر میں ستمبر مہینے میں ہیں ٹرائلز منعقد۔

وزیر داخلہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اگلے برس مارچ کے آخر تک ملک سے نکسل واد کا مکمل طور خاتمہ کیا جائے گا اور سی آر پی ایف جوان اس میں اہم رول ادا کریں گے۔ Neemuch کے86ویں یوم تاسیس تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا CRPF مدھیہ پردیش میں کہ حفاظتی عملے کی بہادر اور قربانیوں کو تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سی آر پی ایف ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموںو کشمیر ، سمیت شمال مشرقی علاقے میں امن قائم کرنے نیز تمام آپریشنز کو کامیاب بنانے کےلئے سی آر پی ایف پُر عزم طریقے پر کام کر رہا ہے۔

--Amit Shah)--Byte--

**راجناتھ سنگھ**

**وزیر دفاع راجنا تھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک کا دفاعی سیکٹر تیزی سے خود انحصاری کی راہ پر گامزن ہے اور ملک کے دفاعی بر آمدات میں بھی لگاتار اضافہ ہو رہا ہے۔ نئی دلی میں آج فورس آف دی فیوچر کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر** The Defence Conclave 2025 **تے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت دفاعی سیکٹرمیں مزید دوام بخشنے کی طرف توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے میں خود انحصاری کو بڑھاوا دینے کےلئے سال2025کو وزارت دفاع نے اصلاحات کا سال قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا۔**

**------(Rajnath)--Byte--------**

**جتندر سنگھ**

**سرحدی سڑک تنظیم کے ڈی جی لیفٹنٹ جنرل رگھو سری نواسن نے آج سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں جموں کشمیر میں مختلف سڑک اور پل پروجیکٹوں کا وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ہاتھوں ورچول افتتاح کرنے کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی ۔ان میں سے بیشتر پروجیکٹ ادھمپور -کھٹوعہ-ڈوڈہ لوک سبھا حلقے میں پائے جاتے ہیں۔ یہ تقریب 26اپریل کو منعقد ہو رہی ہے۔**

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سبھوں کی صحت حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور پچھلے چند برسوں کے دوران جمونو کشمیر انتظامیہ اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ہر فرد کو موثر اور معیاری طبی خدمات تک رسائی حاصل ہو ۔ ڈوڈہ اور کشتواڑ میناج روٹری انٹر نیشنل، ان ضلعوں کی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی طرف سے منعقدہ ایک ہفتہ طویل میگا سرجیکل کیمپ کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ طبی شعبے کے بنیادی ڈھانچے میں جدت لانے کےلئے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔ ڈوڈہ** GMC **کے اسوسیٹیڈ اسپتال، ڈسڑکٹ اسپتال کشتواڑ اور سب ڈسٹرکٹ اسپتال بھدرواہ میں منعقد ہونے والے ان تین سرجیکل کمپونکے دوران تجربہ کار ڈاکٹروں کی طرف سے مختلف اقسام کی جرائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔**

**------(L.G)--Byte--------**

**سکینہ ایتو**

**صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ایمز جموں میں دستیاب سہولیات کے بارے میں منظم بیداری مہم چلانے کی ضرور ت پر زور دیا ہے۔ سانبہ میں آج ایمز کے کام کاج کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لینے کے دوران وزیر موصوفہ نے کہاکہ یہ ادارہ خطے کے لوگوں کو معیاری طبی سہولیات دستیاب کرانے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ موصوفہ نے بعد میں اسپتال کے مختلف شعبوں کا معائینہ کیا۔**

**درخشاں اندرابی**

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن اور بی جے پی کی قومی ایگزیکٹیو ممبر ڈاکٹر سید درخشانا ندرابی کی صدارت میں آج اننت ناگ میں امبیڈ کر جینتی تقریبات منعقد ہوئیں۔ اس موقعے پر انہوں نے ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈ کر کو زبردست خراج عقیدت ادا کیا اور ملکی آئین تیار کرنے میں انکے بے مثال رول کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی نے سمودان دِوس کی شروعات کر کے ملک میں آئینی جذبے کو مزید مستحکم کیا۔ انہوں نے مختلف سیاسی جماعتوں پر الزام لگایا کہ وہ وقف ترمیمی قانون پر سیاسی روٹیاں سیخ رہے ہیں۔

----Darakhshan)--Byte------

اننت ناگ کمیٹی

دیہی ترقی اور پنچایتی راج سے متعلق13 ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل پارلیمنٹری سٹینڈ نگ کمیٹی کی قیادت میں  اننت ناگ میں Saptagari Sankar Ulaka نے آج اسکے چیر مین   ڈاکٹر منعقدہ ایک تقریب کے دوران لوگوں اور مستحقین سے خطاب کیا۔ چیر مین موصوف نے کہا کہ جمونو کشمیر میں ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے اور مرکزی سرکار لوگوں کی بہبودی کےلئے تمام اقدامات کر رہی ہے۔ بعد میں ہمارے  اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کر تے ہوئے ڈاکٹر Saptagari Sankar نے کہا۔

--Dr.Saptagari Sankar--Byte--

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے آج مرکزی سرکار کی اس یقین دہانی کہ وقف ترمیمی ایکٹ2025کے تحت وقف بورڈوں اور سینٹرل وقف کونسل میں اگلی سماعت تک کوئی نئی تقرری  عمل میں نہیں لائی جائے گی، کو ریکارڈ کیا۔ چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کھنہ، جسٹس سنجے کماراور جسٹس کے وی وسواناتھن پر مشتمل بینچ نے سالسٹر جنرل تشار مہتا کی اس یقین دہانی کو بھی نوٹ کیا کہ زمرے کے تحت آنے والی جائیداد میں فی Waqf by User موجودہ وقف جائیدادوں بشمول الحال کوئی تبدیلی نہیں لائی جائے گی۔ عدالت نے مرکز کو ہدایت دی ہے کہ وہ وقف ایکٹ1995 میں حالیہ ترمیمات کی آئینی حیثیت کو چلینج کرنے اور اس پر سٹے طلب کرنے کےلئے داخل کی گئی عرضداشتوں کے سلسلے میں7دنوں کے  اندر اندر اپنا ردعمل پیش کرے۔ معاملے کی شنوائی اب5مئی کو ہو گی۔

کوچنگ مراکز

سینٹرل کنزیومر پروٹکشن اتھارٹی نے کوچنگ مراکز کو ہدایت دی ہے کہ وہ کوچنگ سیکٹر میں گمراہ کن اشتہارات پر قابو پانے کےلئے کنزیومر پروٹکشن ایکٹ2019اور وضح کئے گئے

رہنما خطوط پر سختی سے عمل کریں۔ اتھارٹی نے مزید کہا ہے کہ کوچنگ مراکز کو کامیابی کی گارنٹی سے متعلق یقین دہانیاں کرنے سے اجتناب کرنا چاہئے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں جب ہم نے سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر گاندربل میں سکول آف لنگویجز کی ڈین پروفیسر سندھیا تیواری سے بات کی تو انہوں نے کہا

---(Prof:Sandhya)-V/O----

ہیرٹیج

کل ہیرٹیج کا عالمی دن ہے۔ اس دن ثقافتی گونا گونیت نیز تواریخی اور ثقافتی ورثے کی اہمیت اور اس سے تحفظ دینے کے اقدامات کو اجا گرکیا جاتاہے۔ Archives,Archaeology & Museums محکمے کے ڈائریکٹر کلدیپ کرشن سدھا نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کل جموں اور کشمیر صوبوں میں تواریخی اہمیت کے مقامات کی سیر کریں اور وہاں صفائی ستھرائی کی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

........(Kuldeep)....Byte........

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدرڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے سابق ممبر اسمبلی جڈی بل صادق علی کو انکی14ویں برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم نے جمونو کشمیر کے لوگوں کی بہبودی کےلئے بے مثال کام کیا۔ جڈی بل حلقے کے موجودہ ایم ایل اے تنویر صاد ق اور کئی دیگر لیڈروں نے بھی مرحوم کی برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

کرکٹ لیگ

کرکٹ لیگ Epic Victory مقابلوں پر مبنیT-20 اس سال ستمبر مہینے میں جمونو کشمیر میں کا پہلا شمارہ منعقدکیا جارہا ہے۔ ملک کے ایک نامور کرکٹر عرفان پٹھان نے آج سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ لیگ کےلئے سرینگر میں15جون اور جموں میں20جون کو ٹرائلز منعقد کئے جائیں گے اور ٹرائلز کا یہ سلسلہ31جولائی تک ملک کے 20 شہروں میں جا ری رہے گا۔لیگ کے بیشتر میچ جموں اور سرینگر میں منعقد کئے جائیں گے۔17سے39برس تک کے کرکٹ کھلاڑی اس لیگ کےلئے اپنی رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ بعد میں ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے ساتھ بات کر تے ہوئے عر فان پٹھا ن نے کہا۔

------V/O----

ہیلپ لائن

پولیس کنٹرول روم کشمیر کی طرف سے عام شہریوں کی سہولت کےلئے 112ایمر جنسی ہیلپ لائن جا ری کی گئی ہے۔

یہ ہیلپ لائن ڈائل کر کے لوگ مختلف شعبوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں، جن میں تمام اقسام کی ایمر جنسی ، فائر اینڈ ایمر جنسی سروس ، میڈیکل ایمرجنسی، ٹورسٹ سپورٹ، ٹریفک حادثات، سائبر کرائم رپورٹنگ، چائلڈ پروٹکشن اور وومن سیفٹی، معزز شہریوں کی معاونت ، ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور عام شکایات جیسے شعبے شامل ہیں۔

مہجور

جموں وکشمیر مہجور فاؤنڈیشن، جے اینڈ کے کلچرل اکیڈیمی اور ساہتیہ اکیڈیمی نئی دلی کے اشتراک سے شاعر کشمیر مہجور کی73ویں برسی کے سلسلے میں آج ٹائیگور ہال سرینگر میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا ۔ ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔ تقریب کے دوران مقررین نے شاعر کشمیر کے ادبی کارناموں پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی۔ اس موقعے پر مہجور فاؤنڈیشن کے بانی ابدال مہجور اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔

طبی کیمپ

لیبس ، امید فاؤنڈیشن اور بیت GKبانڈی پورہ کے کلوسہ گاؤں میں آج مول موج فاؤنڈیشن ، المال کلوسہ کی طرف سے معزز شہریوں کیلئے ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیاگیا۔اس دوران 105شہریوں کی سیکریننگ عمل میںلائی گئی۔

اور اب کچھ مختصر خبریں:۔

*.......سرینگر ضلع سے تعلق رکھنے والے حج عازمین کیلئے ٹیکہ کاری کا شیڈول مرتب کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عازمین کو 21اپریل سے یہ ٹیکے حج ہاؤس بمنہ میں لگوائے جائیں گے۔

*.......ڈی سی سرینگر بلال محی الدین بٹ نے آج پولیس اور سول انتظامیہ کے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات

کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکمونکو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے یاتریوں کیلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب کرائیں۔

*.......بڈگام کے ڈپٹی کمشنر اکشے لابرو نے آج کھاگ علاقے کا دورہ کرکے وہاں 13کلو میٹر لمبے ستہارن - توسہ میدان سڑک پروجیکٹ پر ہو رہے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کئی طبی مراکز کا بھی معائینہ کیا۔

*.......کولگام میں آج نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے کی ۔

*.......کپواڑہ میں آج یوا دوت کیلئے دو روزہ تربیتی پروگرام اختتام پذیر ہوا ۔اس دوران نوجوانوں کو مختلف ہنرونکے بارے میں جانکاری دی گئی۔

*.......بڈگام اور بارہمولہ میں دس مئی کو متعلقہ ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹیوں کے اہتمام سے قومی لوک عدالت کا اہتمام کیاجا رہا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر56 اور غروب آفتاب شام7بجکر5منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ